سوال

(564)زکواۃ کے مال سے رمضان میں افطاری کروانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زکواۃ کے مال سے رمضان میں افطاری امیر وغریب کو مسجد میں روزانہ کھلاسکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زکواۃ کا مال عموماً غربا و مساکین کے لئے ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے۔ إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ ٦٠ سورة التوبة

شرفیہ

یہ جواب بالکل گول بے فائدہ ہے۔ صاف جواب یہ ہے کہ یہ صورت جائز نہیں۔ زکواۃ صرف مستحقین کے لئے ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص733

محدث فتویٰ